# ہیپاٹائٹس بی

## آپ اور آپ کا بچہ



اگر آپ کو ہیپاٹائٹس بی ہے اور آپ حاملہ ہیں یا بچہ پیدا کرنے کی منصوبہ بندی کر رہی ہیں، یا ابھی حال ہی میں آپ نے بچے پیدا کیا ہے یا پہلے سے آپ کا کوئی بچہ ہے تو یہ کتابچہ آپ کو یہ معلومات فراہم کرے گا کہ آپ نے اپنے نوزائیدہ بچے اور باقی بچوں کی کیسے حفاظت کرنی ہے۔

نوزائیدہ بچوں اور بڑے بچوں میں ہیپاٹائٹس بی انفیکشن کی روک تھام کے لیے حفاظتی ٹیکے انتہائی موثر ہیں۔

## ہیپاٹائٹس بی کیا ہے؟

ہیپاٹائٹس بی ایک ایسا وائرس ہے جو جگر کو متاثر کرتا ہے اور آپ کو شدید بیمار کر سکتا ہے۔ یہ کسی متاثرہ شخص کے خون یا جسم کے سیال کے ذریعے پھیلتا ہے۔ ہیپاٹائٹس بی کا شکار کچھ لوگ کبھی بھی وائرس سے چھٹکارا حاصل نہیں کر پاتے اور زندگی بھر اس کا شکار رہ سکتے ہیں۔ اسے دائمی ہیپاٹائٹس بی انفیکشن کہتے ہیں اوریہ متاثرہ افراد سے کسی دیگر شخص کو بھی منتقل ہو سکتا ہے۔ دائمی ہیپاٹائٹس بی انفیکشن کچھ لوگوں کے جگر کو بری طرح متاثر کرتا ہے۔ بعض اوقات دائمی ہیپاٹائٹس بی انفیکشن کا شکار لوگوں میں کوئی علامات ظاہر نہیں ہوتیں اور وہ انجانے میں دیگر افراد کو بھی متاثر کر رہے ہوتے ہیں۔

## اگر میں حاملہ ہوں تو مجھے کیا کرنا ہوگا؟

حاملہ خواتین کو ہیپاٹائٹس بی کا ٹیسٹ کروانا چاہئے۔ اگر آپ کا ٹیسٹ مثبت آتا ہے تو، آپ کا ماہر امراض اطفال یا خاندانی ڈاکٹر آپ کو کسی ماہر کے پاس بھیج سکتا ہے۔

## میرے بچے کو کیا خطرہ ہے؟

آپ پیدائش کے وقت یا پیدائش کے فوراً بعد اپنے بچے کو ہیپاٹائٹس بی کی منتقلی کا ذریعہ بن سکتی ہیں، اس لیے ضروری ہے کہ بچے کو حفاظتی ٹیکے لگائے جائیں۔

جو بچے ابتدائی زندگی میں ہیپاٹائٹس بی سے متاثر ہوتے ہیں ان میں دائمی انفیکشن کا زیادہ خطرہ ہوتا ہے۔ پیدائش کے وقت متاثر ہونے والے بچوں کو اگر حفاظتی ٹیکے نہیں لگتے تو ان میں سے 90 فیصد بچوں میں دائمی انفیکشن پیدا ہوسکتا ہے۔ یہ اکثر زندگی میں بعد میں صحت کے مسائل کا سبب بنتا ہے ۔

## میں اپنے بچے کی حفاظت کیسے کر سکتی ہوں؟

اپنے نوزائیدہ بچے کو ہیپاٹائٹس بی سے بچانے کا بہترین طریقہ حفاظتی ٹیکوں کا استعمال ہے۔ حفاظتی ٹیکوں میں ہیپاٹائٹس بی امیونوگلوبلین (ایچ بی آئی جی) کے ساتھ ہیپاٹائٹس بی ویکسین بھی شامل ہوتی ہے۔

- ہیپاٹائٹس بی ویکسین کی پہلی خوراک اور ہیپاٹائٹس بی امیونوگلوبلین (ایچ بی آئی جی) کی ایک خوراک آپ کے بچے کو پیدائش کے فورا بعد دی جانی چاہئے ۔
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے کو ویکسین کی اگلی خوراک شیڈول کے مطابق ملتی رہے - عام طور پر یہ خوراک دو، چار اور چھ ماہ کی عمر میں دی جاتی ہے۔
- آپ کا خاندانی ڈاکٹر یا ماہر امراض اطفال ویکسین کورس کی تکمیل کے دو ماہ بعد خون کا ٹیسٹ کرے گا تاکہ یہ معلوم کیا جاسکے کہ آیا آپ کا بچہ متاثر ہے یا نہیں۔ اگر آپ کا بچہ متاثر نہیں ہوا ہے تو، خون کا ٹیسٹ یہ بتاتا ہے کہ آپ کا بچہ ویکسین کے استعمال کے بعد اب محفوظ ہے۔
- ہیپاٹائٹس بی ویکسین کا مکمل شیڈول اور ہیپاٹائٹس بی امیونوگلوبلین حاصل کرنے والے 95 فیصد سے زیادہ بچے ہیپاٹائٹس بی سے محفوظ رہتے ہیں۔

اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کا بچہ ہیپاٹائٹس بی ویکسین کورس کو صحیح وقت پر مکمل کرے تاکہ آپ کا بچہ محفوظ رہ سکے۔

## کیا ہیپاٹائٹس بی کی ویکسین محفوظ ہے؟

- ہیپاٹائٹس بی کی ویکسین محفوظ اور موثر ہے۔
- اس کے وقتی اثرات میں ٹیکہ لگنے کی جگہ پر وقتی طور پر درد اور جگہ کا لال ہونا شامل ہے۔
- ہیپاٹائٹس بی کی ویکسین بچپن کی دیگر ویکسینز کی طرح ایک ہی وقت میں دی جاسکتی ہے۔

- ہیپاٹائٹس بی ویکسین خون پر مشتمل نہیں ہوتی۔
- ویکسین آپ کو ہیپاٹائٹس بی کی منتقل کا ذریعہ نہیں بنتی۔

## ہیپاٹائٹس بی امیونوگلوبلین کیا ہے؟

- ہیپاٹائٹس بی امیونوگلوبلین (ایچ بی آئی جی) ان لوگوں کو ابتدائی تحفظ فراہم کرسکتا ہے جو انفیکشن کے زیادہ خطرے میں ہیں ، جیسے متاثرہ ماؤں کے نوزائیدہ بچے ۔
- یہ خون سے بنتا ہے۔ خون عطیہ کرنے والوں کی احتیاط سے جانچ پڑتال کی جاتی ہے۔ انفیکشن کے خطرے کو کم کرنے کے لئے خون کی جانچ پڑتال کے بعد اسے استعمال کے قابل بنایا جاتا ہے۔
- یہ بچپن میں دی جانے والی دیگر ویکسینز کو متاثر نہیں کرتا۔

اگر آپ کے بچے کی ڈلیوری آپریشن کے ذریعے ہوئی ہے تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ آپ کا بچہ ہیپاٹائٹس سے محفوظ ہے۔

دودھ پلانا آپ کے بچے کے لئے محفوظ ہے. ہیپاٹائٹس بی ماں کے دودھ سے نہیں پھیلتا۔

## میں اپنے دوسرے بچوں کی حفاظت کیسے کر سکتی ہوں؟

دائمی ہیپاٹائٹس بی انفیکشن کا شکار لوگوں کے ساتھ ایک ہی گھر میں رہنے والے بچے اس سے متاثر ہو سکتے ہیں۔

ہیپاٹائٹس بی ایک متاثرہ بچے یا بالغ سے آپ کے دوسرے بچوں میں پھیل سکتا ہے اگر انہیں ویکسین نہیں دی گئی ہے۔ اپنے دوسرے بچوں کو انفیکشن سے بچانے کے لئے انہیں ٹیکے لگوائیں۔ اگر آپ یا آپ کے گھر میں کسی کو ہیپاٹائٹس بی ہے تو ، اپنے بچوں کو ویکسینیشن کے لئے اپنے فیملی ڈاکٹر کے پاس لے جائیں۔

- ہیپاٹائٹس بی ویکسین ایک محفوظ، مؤثر ویکسین اور آپ کا بہترین تحفظ ہے۔ یہ ویکسین تین انجیکشنز کی صورت میں دی جاتی ہے۔ تین انجکشن کے بعد، خون کا ٹیسٹ کبھی کبھی یہ چیک کرنے کے لئے لیا جا سکتا ہے کہ آیا آپ اب محفوظ ہیں یا نہیں۔ اس کے وقتی اثرات میں

ٹیکہ لگنے کے بعد بازو میں درد اور اس جگہ کا سرخ ہونا شامل ہیں۔

- اگر آپ حاملہ ہیں یا اس کا ارادہ رکھتی ہیں تو ویکسین لگوانے سے پہلے اپنے ڈاکٹر کے ساتھ اس پر تبادلہ خیال کرنا بہتر ہے۔
- بچوں کو ایسے کسی شخص کے خون یا جسم کے سیال، یا اس کے زیر استعمال رہنے والے ٹشوز کو چھونے کی اجازت نہ دیں جو اس شخص نے استعمال کیے ہوں۔
- اگر بچوں کو کسی ایسے شخص کا خون لگاہے جس میں ہیپاٹائٹس بی انفیکشن پایا جاتا ہے اور بچے کو ویکسین نہیں لگائی گئی تو ایسے بچے کا فوری علاج کرواکر اسے ہیپاٹائٹس بی سے محفوظ رکھا جا سکتا ہے۔ آپ اپنے بچے کو اپنے ڈاکٹر یا ایمرجنسی میں لے کر جائیں اور انہیں صورتحال سے آگاہ کریں۔ وہ ہیپاٹائٹس بی امیونوگلوبلین (ایچ بی آئی جی) کا انجکشن لگائیں گے اور ہیپاٹائٹس بی ویکسین کا کورس شروع کریں گے۔
- اپنا دانتوں کا برش، ریزر، سوئیاں،ناخن تراش، ناخن کو تیز یا صاف کرنے والی چیزیں، اور تولیے کسی کے ساتھ شیئر نہ کریں، کسی ایسے شخص کے ساتھ اپنے کپڑے ملا کر نہ دھوئیں جو ہیپاٹائٹس بی انفیکشن کا شکار ہو۔

## آپ مندرجہ صورتوں میں ہیپاٹائٹس بی نہیں پھیلا سکتے

- چھینکنا یا کھانسنا
- بوسہ لینا یا گلے لگانا
- دودھ پلانا
- کھانا یا پانی
- برتن یا شیشے کا اشتراک کرنا
- روٹین کے مطابق ملنا (جیسے کام پر)

آپ کو صرف ہیپاٹائٹس بی انفیکشن کا شکار ہونے کی بناء پر بچوں کی دیکھ بھال، سکول، کام، یا دیگر سرگرمیوں سے دور نہیں رکھا جا سکتا۔

## یاد رکھنے کی باتیں:

اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کا بچہ ہیپاٹائٹس بی ویکسین کورس کو صحیح وقت پر مکمل کرے تاکہ آپ کا بچہ محفوظ رہ سکے۔

## میں مزید معلومات کیسے حاصل کر سکتی ہوں؟

ہیپاٹائٹس بی کے بارے میں مفید معلومات مندرجہ ذیل ذرائع سے حاصل کی جا سکتی ہیں:

- آپ کا خاندانی ڈاکٹر
- ایچ ایس ای کے مقامی پبلک ہیلتھ ڈپارٹمنٹ

آپ مندرجہ ذیل ویب سائٹس پر ہیپاٹائٹس بی کے بارے میں دیگر کتابچے حاصل کرسکتے ہیں:

- www.hpsc.ie
- www.cdc.gov/hepatitis/hbv
- www.who.int
- www.immunisation.ie

تاریخ اشاعت: اپریل 2017ء

مصنفین:پبلک ہیلتھ میڈیسن کے متعدی بیماریوں کے شعبے کا ورکنگ گروپ،پبلک ہیلتھ اور صحت کے تحفظ کی نگرانی کا مرکز، ہیلتھ سروسز ایگزیکٹو